# ڈائریکٹر رورل سینیٹیشن کا دورہ بال تل

## یاترا کو صاف ستھرا رکھنے اور آلودگی سے پاک بنانے کیلئے صفائی مہم کا جائزہ لیا



گاندربل// ڈائریکٹر رورل سینی ٹیشن کشمیر، چرندیپ سنگھ نے بدھ کے روز بالتل کا دورہ کیا اور قومی شاہراہ اور بالتل کے ساتھ کئے جانے والے صفائی کے اقدامات کا معائنہ کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر نے صفائی کے مختلف کاموں پر پیش رفت کا بھی معائنہ کیا جو اس سال کی یاترا کو صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک بنانے کے لیے انجام دیے جا رہے ہیں۔ڈائرکٹر نے ضلع پنچایت افسر گاندربل، جقیس وانی اور ضلع کے مختلف بلاک ڈیولپمنٹ افسران کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی۔انہوں نے دیہی علاقوں بالخصوص نیشنل ہائی وے کے ساتھ واقع پنچایتوں میں پیدا ہونے والے کچرے کے سائنسی انتظام کے لیے ڈھانچے کے قیام پر زور دیا۔بعد میں، ڈائریکٹر نے بالتل بیس کیمپ کا دورہ کیا جہاں دیہی ترقی محکمہ شری امرناتھ جی یاترا کے لیے 21 اسٹیشنری اور 700 حرکت پذیر بیت الخلاء فراہم کر رہا ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سنگھ نے او ڈی ایف کی پائیداری اور صاف دیہات پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ گرام پنچایتوں کو صاف گاؤں مہم میں سب سے آگے ہونے کی ضرورت ہے اور ہر گرام سبھا کو قرارداد کے ساتھ آنا چاہئے۔